قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ

آپ فرما دیجئے کہ یہ مومنین کیلئے ہدایت اور شفا ہے

طبِ نبوی (اردو)

اس مشہور و متبرک کتاب میں ہر قسم کی بیماریوں کا علاج قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے ہر گھر میں رکھنے کے قابل کتاب ہے

اصل تصنیف

حافظ اکرام الدین صاحب دلوظ

جدید ترتیب و تزئین

ایک اللہ کا بندہ

ناشر

دار الاشاعت

مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

اشاعت اوّل مئی ۱۹۷۲ء
باہتمام محمد رضی عثمانی
طابع ....
قیمت

ملنے کے پتے

دار الاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱
ادارۃ المعارف ڈاکخانہ دار العلوم کورنگی کراچی ۱۴
مکتبہ دار العلوم ڈاکخانہ دار العلوم کراچی ۱۴
ادارۃ اسلامیات ۱۹۰ انار کلی لاہور

ناشر
دار الاشاعت
مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

جماع کا صحیح وقت

علاج :- فقیہ ابواللیث نے اپنی کتاب بستان میں لکھا ہے کہ جماع کے لئے سب سے بہتر وقت آخر شب کا ہے۔ کیونکہ اوّل شب میں معدہ غذا سے پر ہوتا ہے اور جماع کے وقت اس کا خیال رہے کہ منہ قبلہ کی طرف نہ ہو

صحبت کے آداب

علاج :- مرد و عورت کو چاہیئے کہ صحبت کے وقت برہنہ نہ ہوں بلکہ چادر وغیرہ اوڑھے رہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وحشی جانوروں کی طرح ننگے نہ ہوں۔ اور فقیہ ابواللیث نے اپنی بستان میں لکھا ہے کہ برہنہ ہو کر صحبت کرنے سے اولاد بے حیا پیدا ہوتی ہے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اُس نے شکایت کی کہ میرے گھر میں اولاد پیدا نہیں ہوتی۔ حضور نے یہ علاج تجویز فرمایا کہ تو انڈے کھایا کر۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرئیل سے اپنی قوت باہ کی شکایت فرمائی۔ جبرئیل نے کہا کہ آپ ہریسہ تناول فرمایا کریں کیونکہ اس میں چالیس مردوں کی قوت ہے۔

حضرت انس ابن مالک فرماتے ہیں کہ رسول اللہ کا ارشاد ہے کہ تم حنا کا خضاب کیا کرو کیونکہ حنا قوت باہ پیدا کرتی ہے۔

مفید ہے۔ اس کے کھانے سے بول بہت آتا ہے۔ اور طبیعت ملین ہو جاتی ہے۔ صفراوی مزاج والوں کے لئے اس کا کھانا بہت مفید ہے۔ اور لگڑی خون اور صفراوی حرارت کو مارتی ہے۔ اور کھٹی ڈکار کے لئے بہت مفید ہے۔ پیاس بجھاتی ہے اور ادرار بول ومثانہ کی پتھری کے لئے بھی مجرب ہے خفقان وخارشِ بدن کے لئے بھی مفید ہے۔

دماغ کی خشکی اور خارش کا علاج

علاج :۔ ابو حاتم نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خربوزہ کو کھجور کے ساتھ تناول فرمایا کرتے تھے۔ اور ارشاد فرماتے تھے کہ کھجور کی گرمی۔ خربوزہ کی ٹھنڈک کو زائل کر کے معتدل کر دیتی ہے۔

فائدہ :۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خربوزہ سرد وتر ہے اس لئے صفراوی وسوداوی مزاج والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ دماغ میں رطوبت پیدا کرتا ہے اور سُدوں کو کھولتا ہے۔ اور ادرار بول اس سے خوب ہوتا ہے۔ اور مثانہ کی پتھری کو نکال ڈالتا ہے۔

قوّت باہ میں اضافہ

علاج :۔ ابو نعیم نے کتاب الطب میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کو مسکہ کے ساتھ بہت عزیز رکھتے تھے۔

فائدہ :۔ علماء نے لکھا ہے کہ اس کھانے سے قوت باہ زیادہ ہوتی

ہے اور بدن بڑھتا ہے۔ اور آواز صاف ہوتی ہے۔ مسکہ اور شہد ملا کر کھایا جائے تو ذات الجنب کے لئے مفید ہے۔ اور جسم کو فربہ کرتا ہے۔

خون صاف کرنے کا علاج ۴۰

علاج :۔ صاحب شرعۃ الاسلام نے ایک حدیث نقل کی ہے کہ ہر انار میں ایک قطرہ جنت کے پانی کا ضرور ہوتا ہے۔

فائدہ :۔ انار کے بے شمار فائدے ہیں۔ مثلاً خون صاف کرتا ہے۔ اور بگڑے ہوئے خون کو صالح کرتا ہے۔ قوت باہ زیادہ کرتا ہے۔ معدے کی جلا کرتا ہے اور سُدے کھولتا ہے۔ طبیعت نرم کرتا ہے۔ دست بند کرتا ہے کھانے کے بعد اس کے استعمال سے کھانا جلد ہضم ہوتا ہے۔ جگر میں قوت پیدا کرتا ہے۔ خفقان اور استسقاء لحمی کے لئے مفید ہے۔ آواز صاف اور بدن کو موٹا کرتا ہے۔ رنگ نکھارتا ہے۔ لیکن زیادہ استعمال سے معدہ ضعیف ہوتا ہے۔ انار ترش معدے کی حرارت کم کرتا ہے اور خون کے جوش کو بڑھاتا ہے۔ اور دماغ کی طرف بخارات کو چڑھنے سے روکتا ہے۔ گرمی سے استفراغ ہو تو اس کا کھانا بہت مفید ہے۔

شکمی رطوبت اور بے شمار امراض کا علاج

علاج :۔ ابونعیم نے حضرت انس بن مالک رضؓ سے روایت کی ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھیرے کو نمک کے ساتھ تناول فرمایا کرتے